© rasailojaraid.com



حضرت مولانا عبدالحقؒ کے دارالحدیث میں اپنے درس آثار والسنن کی آخری حدیث کا درس دینے کا شرف حاصل نہ کروں، لہٰذا مولانا ظفرالحق صاحب جو آثارالسنن کا آدھا حصہ پڑھاتے ہیں ان کے ذریعے درجہ خامسہ کے طلباء کو قدیم دارالحدیث میں دوپہر بارہ بجے کے بعد جمع کیا گیا ،ایک حدیث مولانا ظفرالحق صاحب نے پڑھائی اور آخری دو احادیث الحمدللہ راقم نے پڑھانے کی سعادت حاصل کی۔ اس موقع پر حضرت دادا جانؒ اور حضرت والد صاحب مدظلہ کے ہمراہ بچپن میں اسی تخت پر بیٹھے ہوئے احادیث کا درس سننے کا نقشہ بھی آنکھوں کے سامنے آتا رہا اور یہ احساس بھی کہ مجھ جیسے ناکارہ کی کیا نسبت اُن عظیم مشائخ واساتذہ سے۔صرف حدیث شریف کا درس ہی قدر مشترک اور باعث سکون تھا،اس موقع پر اس علاقہ کے معزز مرحوم میر احد گل ساکن چشتی کیلئے بھی خصوصی دعائے مغفرت کی گئی جن کے مالی تعاون سے ساٹھ برس تک اس عظیم الشان درسگاہ میں درسِ حدیث ہوتا رہا اور نئی تعمیرات کی جلد تکمیل اور کامیابی کیلئے بھی خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔

### دارالعلوم کا اعزاز:

حالیہ وفاق المدارس پاکستان کے درجہ عالمیہ کے امتحان میں جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے طالب علم توقیر احمد بن حکیم خان نے 549 نمبرات حاصل کر کے صوبائی سطح پر دوسری پوزیشن حاصل کی۔

### نائب مہتمم حضرت مولانا انوارالحق صاحب کی مصروفیات واسفار:

۱۸،اپریل جامعہ فیض القرآن حضرو میں، ۱۹/اپریل جامعہ حلیمیہ پیزو میں جلسہ دستار بندی میں شرکت اور خطاب فرمایا۔

۲۲اپریل تا ۲۷اپریل تک صوبہ بھر کے مختلف مدارس اور وفاق کے امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔

۲۹اپریل کو دارالعلوم کے اساتذہ کے ہمراہ کوئٹہ تشریف لے گئے ۔

۸مئی کو ملتان دفتر وفاق المدارس تشریف لے گئے ۔۱۵مئی کو پی سی بھوربن مری تشریف لے گئے ، جہاں پاکستان کے مشہور ادارہ ٹائم لنڈر کے سہ روزہ ورکشاپ میں ملک بھر سے تشریف لائے ہوئے مختلف علماء کے ہمراہ شرکت فرمائی۔

### لائبریرین مولانا راحت کی شادی خانہ آبادی

۱۸مئی بروز جمعرات کو دارالعلوم کے لائبریرین مولانا راحت نیاز کی تقریب میں شرکت کی اور نکاح پڑھایا آپ کے ہمراہ احقر،مولانا عرفان الحق ،مولانا لقمان الحق ،مولانا سید احمد شاہ،اسامہ سمیع و دیگر اساتذہ شامل تھے۔

© rasailojaraid.com